© rasailojaraid.com



## معارف الایمان (حصہ اول)

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر کے فرزند قاری حماد الزہراوی دینی تعلیمات کے فروغ اور نصاب تعلیم کو نئی نسل کی ضروریات کے حوالہ سے از سر نو مرتب کرنے کا جذبہ رکھتے ہیں اور انہوں نے اس سلسلہ کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ زیر نظر کتاب میں سوال وجواب کی شکل میں اسلامی عقائد کی تشریح عام فہم زبان میں کی گئی ہے جو سکول کی سطح کے طلبا کے لیے بہت مفید اور موثر ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مصنف کو ان کے جذبہ کے مطابق اس کام کی تکمیل کی توفیق سے نوازیں آمین۔

صفحات ۱۵۴، کتابت و طباعت معیاری، قیمت درج نہیں، ملنے کا پتہ ندوۃ المعارف گکھڑ ضلع گوجرانوالہ

## اساس المنطق شرح تیسیر المنطق

مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کے استاذ مولانا محمد سیف الرحمٰن قاسم علوم عربیت کے ساتھ ساتھ منطق کی تعلیم وتدریس کا بھی خصوصی ذوق رکھتے ہیں اور رب العزت نے انہیں تفہیم کے منفرد انداز سے نوازا ہے۔ انہوں نے منطق کے مشہور رسالہ تیسیر المنطق کی شرح اساس المنطق کے نام سے کر کے منطق کے اساتذہ اور طلبہ کو بھی اپنے ساتھ اس ذوق میں شریک کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

اساس المنطق کا حصہ اول ۲۴۸ صفحات پر مشتمل ہے اور اس کی قیمت ۵۰ روپے ہے۔ ملنے کا پتہ مکتبہ حراء نزد رحمانیہ مسجد، ۴۔ کنور گڑھ، کالج روڈ، گوجرانوالہ

## تحفۃ المشتاق الی دقائق الالحاق

یہ رسالہ بھی مولانا محمد سیف الرحمٰن قاسم کا تحریر کردہ ہے جس میں انہوں نے علم صرف کے معروف اور مشکل مبحث الحاق اور ملحق برباعی کے مسائل پر سیر حاصل بحث کی ہے اور اسے آسان انداز میں پیش کر کے علم صرف کے طلبہ اور اساتذہ کو بہت سی پیچیدگیوں اور الجھنوں سے نجات دلا دی ہے۔ اس رسالہ کے صفحات ۷۲ ہیں اور اسے بھی مذکورہ بالا پتہ سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

© rasailojaraid.com